Office of ESOL Services
Instructional Services Department
8270 Willow Oaks Corporate Drive
Fairfax, Virginia 22031

طالب علم / طالبہ کا نام________________________________ تاریخ________________________

انگریزی زبان میں مہارت (ELP) کی سطح ________

عزیز والد/ والدہ (والدین)/ سرپرست (سرپرستان):

*WIDA English language proficiency assessment کے نتائج کی بنیاد پر، آپ کا بچہ انگریزی سیکھنے کی خدمات (ELs)، ان کی انگریزی زبان کی مہارت سے منسلک (ELP) لیول، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کے تدریسی پروگرام کے ایک جزو کے طور پرحاصل کررہا ہے۔ یہ خدمات طلباء کو ان کی مکمل علمی صلاحیت تک پہنچنے میں مدد، با معنی اور مفید تعلیمی تجربہ حاصل کرنے اور ریاستی اور مقامی تعلیمی معیارات کے چیلینجز پر پورا اترنے کے لیئے فراہم کی جاتی ہے۔

<u>اگر آپکے بچے کے پچھلے اسکول کے تعلیمی ریکارڈ میں ایک حالیہ ®WIDA ACCESS for ELLs 2.0 کی اسکور رپورٹ شامل ہے تو آپکے بچے کا ELP لیول اس اسکور رپورٹ کےELP لیول کی عکاسی کرنے کے لیئے ترتیب دیا جائے گا۔</u>

انگریزی سیکھنے والوں کی شناخت

Civil Rights Act of 1964, U.S کے ٹائٹل VI کے تحت اسکولوں کو قابل ELs (انگریزی سیکھنے والے) کی شناخت کرنے اور انکی انگریزی زبان میں مہارت کی سطح کی تشخیص کرنے کی ضرورت ہے۔ اس شرط پر پورا اترنے کے لیئے، والدین اور سرپرست گھر پر بولنے والی زبان کا سروے، رجسٹریشن کے عمل کے حصے کے طور پر مکمل کرتے ہیں۔ اگر گھر پر انگریزی زبان کےعلاوہ کوئی اور زبان بولی جاتی ہے تو خاندانوں کو رجسٹریشن اور وفاقی منظور شدہ انگریزی زبان میں مہارت کی تشخیص (پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے میں) کے لیئے اسٹوڈنٹ رجسٹریشن کی کسی بھی سائٹ پر جانے کے لیئے کہا جاتا ہے۔ کنڈرگارٹن کے وہ طلباء جو ایسے گھروں میں رہتے ہیں جہاں انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بولی جاتی ہے، وہ ستمبر میں ایک WIDA ٹیسٹ لیتے ہیں، اس بات کا تعین کرنے کے لیئے کہ اگر وہ انگریزی سیکھنے والے ہیں اور ELs (انگریزی سیکھنے والے) طلباء کے لیئے کنڈرگارٹن کی خدمات حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ گریڈ 12-1 کے طلباء کو پانچ ELP لیول میں سے ایک تفویض کیا جاتا ہے :

کنڈرگارٹن ELs	لیول 1 داخلہ	لیول 2 ابتدا	لیول 3 ترقی پذیر	لیول 4 توسیع	لیول 6 رسائی
ESOL کی سہولتوں کے حقدار ہیں					تعلیمی کارکردگی کی 2 سال تک نگرانی کی جاتی ہے۔

انگریزی زبان میں مہارت کی تشخیص کے سالانہ نتائج

ہر موسم بہار میں ورجینیا میں، گریڈ K-12 کے ELs (انگریزی سیکھنے والے) طلباہ کو ELP جانچنے کا ایک سالانہ ٹیسٹ، ®WIDA ACCESS for ELLs 2.0 دیا جاتا ہے۔ آپ کے اسکول کے دوسری زبانیں بولنے والوں کے لیئے انگریزی (ESOL) کے اساتذہ آپ کے ساتھ آپکے بچے کے پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کی مہارتوں کے اسکورز کا جائزہ لے سکتے ہیں، جو آپکو آپکے بچے کی انگریزی زبان میں ترقی کی پیش رفت کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کرسکتا ہے۔

زبان کی ہدایات سے متعلق تعلیمی پروگرام

زبان کی ہدایات سے متعلق اس تعلیمی پروگرام کا مقصد ELs (انگریزی سیکھنے والے) طلباء کو انگریزی زبان کا ماہر بننے اور ریاست کے ان ہی معیاری چیلنجز پر پورا اترنے میں مدد فراہم کرنا ہے جن کی باقی تمام طلباء سے توقع کی جاتی ہے۔ ELP کے 1-4 لیول کے طلباء ESOL کی سہولتیں حاصل کرتے ہیں۔ WIDA ACCESS for ELLs® 2.0 پر 4.4 یا اس سے اوپر کا اسکور کرنے والے طلباء ELP Level 6 اور انگریزی زبان میں ماہر تصور کیئے جاتے ہیں۔ ESOL کی خدمات ایسی تعلیمی بنیاد، انگریزی خواندگی اور اضافی مدد فراہم کرتی ہیں جو انگریزی سیکھنے والوں کے لیئے انکے انگریزی میں مہارتیں رکھنے والے ساتھیوں کی طرح اسی گریڈ لیول کے اہداف پر پورا اترنے کے لیئے ضروری ہیں جس میں ترقی، گریجوئشن اور کالج اور کیریئر کے لیئے تیار ہونا شامل ہے۔ ایسا کرنے کے لیئے، ELs (انگریزی سیکھنے والے)

*کنڈرگارٹن کے طلباء ستمبر میں WIDA ACCESS Placement Test™ (W-APT) لیتے ہیں۔ گریڈ K-12 کے وہ طلباء جو FCPS میں سال کے دوران داخل ہوتے ہیں وہ یا تو، WIDA Measure of Developing English Language™ (MODEL) لیتے ہیں یا WIDA Screener لیتے ہیں۔

عمر کی مناسبت سے گریڈ لیول میں داخل کیئے جاتے ہیں اور انہیں زبان کے فنون، ریاضی، سائنس اور معاشرتی علوم کے نصاب کے مواد کے ذریعے عالمی انگریزی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ نصاب کےمواد اور زبان سیکھنے پر زور دینے کے لیئے ELs کے تعلیمی مواد گریڈ- لیول کے معیارات اور WIDA انگریزی زبان کے ترقیاتی معیارات کے ساتھ منسلک ہیں۔

ESOL کی خدمات حاصل کرنے کے لیئے ہر طالب علم کے وقت کا عرصہ مختلف ہوتا ہے۔ پورے سال کے دوران، کارکردگی کی پیمائش کے لیئے مختلف قسم کی جانچ استعمال کی جاتی ہے۔ اساتذہ جانچ کے نتائج کو اپنے تدریسی طریقوں کو مزید بہتر بنانے کے لیئے استعمال کرتے ہیں تا کہ آپ کے بچے کی انفرادی ضرورتیں پوری کی جا سکیں۔ طلباء زبان کے حصول کے ساتھ ساتھ لگاتار اپنی رفتار سے آگے بڑھتے ہیں اور مہارت کے لیول پر منتقل ہوتے ہیں جب وہ لیول کے لئے مخصوص معیار پر پورا اترتے ہیں۔ FCPS میں ELs (انگریزی سیکھنے والے) طلباء کی اکثریت ESOL کی خدمات، انگریزی میں مہارت تک پہنچنے سے پہلے، تقریبا تین سال تک حاصل کرتے ہیں۔

اگر طلباء کو ESOL کے علاوہ دوسری سہولتوں کی بھی ضرورت ہو، مثال کے طور پر خصوصی تعلیم کی سہولتیں یا سیکشن 504 تو ایک مشترکہ ٹیم، جس میں ESOL اور خصوصی تعلیم کے اساتذہ شامل ہوتے ہیں، باہم مشورے سے ایک منصوبہ تیار کرے گی تا کہ طالب علم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 پلان کے مقاصد حاصل کیئے جا سکیں۔ یہ خدمات ESOL کی خدمات کے ساتھ مل کر فراہم کی جاتی ہیں۔

باہر نکلنے کا معیار

سالانہ انگریزی زبان میں مہارت کی تشخیص، ®WIDA ACCESS for ELLs 2.0 کے نتائج سے طالب علم کی استعداد میں ایک لیول سے دوسرے لیول تک بہتری کا تعین کیا جاتا ہے اور بالآخر یہ طے کیا جاتا ہے کہ انہیں ESOL کی خدمات کی ضرورت ہے یا نہیں۔ ایک طالب علم انگریزی زبان میں ماہر، ELP level 6 مانا جاتا ہے، جب ان کا WIDA ACCESS for ELLs 2.0® test پر مجموعی اسکور 4.4 یا اس سے اوپر ہوتا ہے۔ ELP لیول 6 پر پہنچنے کے بعد، طلباء کی دو تعلیمی سالوں تک نگرانی کی جاتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ باقاعدہ تعلیمی پروگرام میں بامعنی طور سے شرکت کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔

گریجوئشن کی متوقع شرح

ورجینیا میں اسکول ڈویژنوں تمام طلباء بشمول ELs (انگریزی سیکھنے والے) طلباء، سے توقع کرتا ہے کہ وہ نویں جماعت میں داخل ہونے کے چار سال کے اندر اندر گریجویٹ ہوجائیں۔ تاہم، ضرورت کے مطابق وفاقی دفعات کے تحت طلباء پانچ یا چھ سال کے اندر گریجوئٹ ہو سکتے ہیں۔ FCPS تمام طلباء کو گریجوئشن کرنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے بہت کامیاب رہا ہے،اور ورجینیا میں 91 فیصد سے زائد طلباء وقت پر گریجوئشن حاصل کر لیتے ہیں۔

والدین کے حقوق

والدین اور سرپرستوں کواپنے بچے کو ESOL کی خدمات سے نکالنے اور منع کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے لیئے یہ سہولتیں حاصل نہیں کرنا چاہتے، آپ کو لازماً *Refusal of ESOL Services* (ESOL کی خدمات سے انکار) کا فارم بھرنا اور دستخط کرنا ہوگا، جو آپ کے بچے کے اسکول میں دستیاب ہے اور بچے کے مجموعی فولڈر میں موجود ہے۔ خدمات کے لیئے انکارکرنے کی صورت میں بھی، آپکے بچے کی EL (انگریزی سیکھنے والے) کے طور پر حیثیت برقرار رکھی جائے گی اور وہ ہر سال انگریزی زبان کی مہارت کی جانچ، ®WIDA ACCESS for ELLs 2.0، میں شرکت کرے گا، جیسا کے وفاقی قانون کے تحت ضروری ہے، یہاں تک کہ وہ ELP کے لیول 6 تک پہنچ جائیں اور انگریزی زبان کے ماہر سمجھے جائیں۔ والدین اور سرپرست کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ جب بھی چاہیں ESOL کی خدمات اسکول کے تعلیمی سال کے دوران دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنے بچے کی پیش رفت اور ESOL کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہی، تو براہ مہربانی اسکے سکول میں اسکے اساتذہ سے رابطہ کریں۔ اپنے بچے کی تعلیم میں مسلسل مدد فراہم کرنے کے لیئے شکریہ ۔ ہم آپ کے ساتھ مِل کر کام کرنے کے منتظر ہیں تا کہ آپکے کے بچے کی علمی صلاحیتوں کو پوری طرح سے بروئے کار لانے میں آپ کی مدد کر سکیں۔

مخلص،

Rich Pollio
ڈائریکٹر, دفتر برائے ESOL سروسز